© rasailojaraid.com



جانشین امیر شریعت مولانا سید ابوذر بخاری رحمہ اللہ

# فتح مبین

(بغاوتوں کی سپہ......انقلاب کے لشکر*)

شہداء ختم نبوت احرار کانفرنس لاہور ۶؍ مارچ ۱۹۷۰ء میں سرخ پوشانِ احرار کے جلوس کو دیکھ کر

جبیں پہ نورِ روایاتِ انقلابِ حجاز — دلوں میں دین کا عزمِ جواں جگائے ہوئے
نظر میں دہلی کے باغی مجاہدوں کا جلال — نَفَس میں آتشِ کشمیر چھپائے ہوئے
دہکتے ہاتھوں میں میدانِ بالاکوٹ کی خاک — رگوں میں ''خونِ سمٰعیل''* جوش کھائے ہوئے
سروں پہ روحِ ''ابوذر'' کا فیض سایۂ فگن — لبوں پہ جرأتِ ''فاروق'' رنگ لائے ہوئے
وقارِ ختم نبوت کے پاسبان و نقیب — وفاءِ مَدحِ صحابہ کا عہد اٹھائے ہوئے
نظامِ حکم الٰہی کے پاکباز برید — نشانِ منزلِ رُشد و ھُدٰی کو پائے ہوئے
حصارِ دجل و ضلالت کی سطحِ تیرہ پہ — سحابِ برقِ فتن سوز بن کے چھائے ہوئے
حزین و یاس کی پیکر جوانیوں کے گروہ — ہزار صدمہ سہے اور زخم کھائے ہوئے
فسردہ چہرے، جھکے شانے، لاغریں ڈھانچے — زمانہ بھر کے دکھوں کو گلے لگائے ہوئے
یہ کارگاہِ سیاست کے جاں فِشاں مزدور — یہ اجرِ دین پہ نقدِ جہاں لٹائے ہوئے
ریاضِ خلق سے الفت کے پھول چن چن کر — دیارِ بُغض کی راہیں چمن بنائے ہوئے
ہے اِن کا مایۂ عقبٰی شہادتِ رہِ حق — شِعارِ زندگی اِحیاءِ دیں بنائے ہوئے
وہ جن کے فکرِ مجلّٰی کی مہر و ماہ دلیل — وہ جن کی جُہدِ مؤقّر خراج پائے ہوئے
ثَبات و عزم کے پرچم ہوا میں لہراتے — نویدِ فتحِ مُبیں کے علَم اٹھائے ہوئے

توہمات کی ظلمت نے راستا چھوڑا
بڑھے ہیں آگے یقیں کے دیئے جلائے ہوئے

* سالارِ اسلامی انقلاب حضرت شاہ محمد اسماعیل شہید فاروقی دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

© rasailojaraid.com